29.05.2026

12.30 Hrs

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازا اختر

دھرمیندر پردھان

ہیڈ کواٹر میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں CBSEمرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پر دھان نے انھوںنے 12ویں جماعت کے امتحانات کے
میٹنگ میں طلباءکو بروقت، شفاف اور بہتر سہولیات فراہم کرنے نیز نتائج کے بعد معاونت کے نظام کو مضبوط بنانے اور امتحانی عمل کو مزید موثر بنانے پر زور دیا گیا ۔

وزیر تعلیم نے کہا کہ طلباء کے مفادات کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

ایل جی ملاقات

بھارت میں سویزر لینڈ کی سفیر Mrs. Maya Tissafi

نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات میں جموںو کشمیر کی ترقیاتی منظر نامے کے حوالے سے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کالی دھر نوشہرہ میں زیر تعمیر سنگل ٹنل منصوبے کا معائنہ کیا اور کام کی رفتار و معیار کا جائزہ لیا۔

انہوںنے منصوبے میں تاخیر اور تعمیراتی معیارپر سخت ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ایجنسیوں کو معیاری اصولوں اور حفاظت ضوابط پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت دی۔

نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ منصوبے کی بر وقت تکمیل عوام کی سہولت اور راجوری پونچھ جموں اور نوشہرہ کے درمیان بہتر رابطے کےلئے نہایت اہم ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے دورے کے دوران علاقے میں دیگر کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی جائزہ لیا۔

چری فصل

جموں کشمیر کے باغ مالکان اور تاجروں کیلئے ریلوے ایک بار پھر تیز محفوظ اور قابل اعتماد ذریعے نقل و حمل ثابت ہو رہا ہے۔ شمالی ریلوے کے جموںڈویژن کے مطابق رواں چری سیزن کے دوران اب تک تقریباً 43 ٹن تازہ چری ریلوے پارسل سروس کے ذریعے ملک کی مختلف بڑی منڈیوں تک کامیابی کے ساتھ پہنچائی جا چکی ہے۔شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل مینجر اُچیت سنگھل نے کہا کہ تاجروں اور باغ مالکان کی جانب سے ریلوے خدمات کا بھر پور استعمال کیا جا رہا ہے جس سے پھل کے معیار اور تازگی کو برقرار رکھنے میں مدد مل رہی ہے۔ سات ہی کسانوں کو بہتر قیمت بھی حاصل ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کسانوں کو موثر اور کم لاگت لاجسٹک سہولیات فراہم کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔

ہائی وے

ایکسپریس وے کو قومی شاہراؤں کے نیٹ ورک میں شامل کرنے کا NE5 مرکزی حکومت نے دہلی سے کٹرہ تک مجوزہ نوٹیفکیشن جا ری کر دیا ہے۔ یہ تیز رفتار راہداری، دہلی ،ہریانہ، پنجاب اور جمونو کشمیر کے درمیان رابطے کو بہتر بنائے گی۔

شاہراؤں اور سڑک رابطوں کی وزارت کے مطابق یہ ایکسپریس وے دہلی کے رانی کھیڑا سے شروع ہو کر ہریانہ اور پنجاب کے مختلف علاقوں سے گذرتے ہوئے کٹرہ کے قریب قومی شاہراہ 144سے ملے گا۔ منصوبے سے سفر میں آسانی تجارتی سرگرمیوں اور علاقائی ترقی کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔

داخلہ

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے سرکاری ڈگری کالجوں میں یو جی داخلوں کے لیے آن لائن درخواست فارم جمع کرنے اور داخلہ

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے سرکاری ڈگری کالجوں میں یو جی داخلوں کے لیے آن لائن درخواست فارم جمع کرنے اور کالج ترجیحات اپڈیٹ کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی ہے۔ محکمہ اعلیٰ تعلیم کے مطابق امیدوار اب تیس مئی شام پانچ بجے تک داخلہ پورٹل

Jkadmissions.in

پر اپنی درخواستیں جمع یا اپڈیٹ کر سکتے ہیں۔

اس حوالے سے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

فیسٹول

ایس کے ائی سی سی سرینگر میں کل یعنی30 مئی سے دو روزہ کشمیر لیٹریچر فیسٹول کا تیسرا ایڈیشن منعقد ہو گا۔

اس فیسٹول کی اہمیت کے بارے میں کشمیر لیٹریچر فیسٹول کی اسسٹنٹ ڈائریکٹ رنائرہ منظور نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ